# PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT OF KHYBER PAKHTUNKHWA

No. PA/Khyber Pakhtunkhwa/L-II (Q) /2025/6252
Dated Peshawar, the 03 /04/2025

**MOST IMMEDIATE**
**ASSEMBLY BUSINESS**
**PH # 091-9210489 Ext: (1216)**

To,

All the Administrative Secretaries,
Government of Khyber Pakhtunkhwa.

Subject: - **ALLOTMENT OF DAYS FOR ANSWERING QUESTIONS FOR 6TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir,

I am directed to refer to the subject cited above and to inform you that under rule 37 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, Mr. Speaker has been pleased to allot days to various Administrative Departments in order of rotation for answering questions in the Provincial Assembly Session as at Annexure-I.

**2.** Questions in 01st, 02nd, 03rd, 04th and 05th groups as at Annexure-II will be taken-up on 7th, 8th, 9th, 10th and 11th April 2025, respectively, for the 6th Session of the Assembly. Moreover, replies to the questions, if already not sent, shall be sent at least two clear days before the day fixed for their replies.

**3.** In case of non receipt of reply to a question, blank question will be placed on the list of business, and in that case, any inconvenience caused to the Minister, the Department will be responsible.

**Note: -** **Allotment of days along-with list of questions can also be downloaded from the official website of the Provincial Assembly on the given link:- www.pakp.gov.pk**

Yours faithfully,

**(SARMAD ULLAH KHAN AFRIDI)**
**ASSISTANT SECRETARY-XI**

E. No. PA/Khyber Pakhtunkhwa/L-II (Q) /2025/6253 Dated 03 /04/2025

Copy of the above is forwarded for information & necessary action to:-

1. All the Provincial Ministers, Khyber Pakhtunkhwa.
2. All the Advisors to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
3. All the Special Assistants to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
4. All the Honorable Members of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
5. The Principal Secretary to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
6. The Principal Secretary to Governor, Khyber Pakhtunkhwa.
7. All the Additional Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
8. The Additional Director IT, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
9. All the Deputy Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
10. All the Assistant Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
11. The Senior Private Secretary to Mr. Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Honorable Speaker.
12. The Private Secretary to Chief Secretary, Khyber Pakhtunkhwa for information of the Chief Secretary.
13. The Assistant Director Coordination & Protocol, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
14. The Private Secretary to Deputy Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Honorable Deputy Speaker.
15. The P.A to Special Secretary, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Special Secretary.

**ASSISTANT SECRETARY**

**ANNEXURE-I**

## ALLOTMENT OF DAYS FOR THE 6TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

| Group No. | Date of Sitting | Name of Departments |
|---|---|---|
| 1st | Monday 7th April, 2025 | • Higher Education, Archives & Libraries<br>• Energy & Power |
| 2nd | Tuesday 8th April, 2025 | • Law, Parliamentary Affairs & Human Rights<br>• Local Government, Elections & Rural Development |
| 3rd | Wednesday 9th April, 2025 | • Culture, Tourism, Archaeology & Museum<br>• Health |
| 4th | Thursday 10th April, 2025 | • Minerals Development<br>• Labour<br>• Excise, Taxation & Narcotics Control<br>• Climate change, Forestry, Environment and Wildlife |
| 5th | Friday 11th April, 2025 | • Relief, Rehabilitation & Settlement<br>• Finance<br>• Irrigation<br>• Zakat, Ushr, Social Welfare & Women Empowerment<br>• Administration |

**ANNEXURE-II**

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

چھٹا اجلاس کا پہلا گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 7 اپریل 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کیے جائینگے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 09:00 AM - Wed
**Question # 774**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 26, 2025 - Wed
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر توانائی و برقیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) صوبہ کب تک اپنے ٹربائینز اور سولر سسٹم بنانے میں خود کفیل ہو جائے گی؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) صوبائی حکومت جو بجلی صوبائی سطح پر پیدا کرتی ہے اسکو کب تک انڈسٹریل اسٹیٹس کو فراہم کی جائے گی؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:51 AM - Wed
**Question # 709**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 26, 2025 - Wed
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضم اضلاع میں کالجوں کی تفصیل ضلع وار فراہم کی جائے اور ان میں زیر تعلیم طلباء وطالبات کی تعداد کالج وار فراہم کی جائے۔

(ب) ضلع باجوڑ میں طلباء وطالبات کے کتنے کالجز کن کن علاقوں میں موجود ہیں، آیا یہ کالجز طلباء وطالبات کے تناسب سے کافی ہیں؟ نیز داخلہ کے لیے کیا لائحہ عمل اور طریقہ کار ہے۔ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

چھٹا اجلاس کا دوسرا گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 8 اپریل 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کیے جائینگے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 09:03 AM - Wed
**Question # 775** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 26, 2025 - Wed
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پشاور رنگ روڈ کی تعمیر کا کام سال 2010-2008 کے دوران شروع ہوا تھا؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اتنا عرصہ گزر جانے کے باوجود بھی 8.5 کلومیٹر روڈ کی تعمیر باقی ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت کب تک اس روڈ کو مکمل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟ اور کس وجہ سے اس منصوبے میں اتنی تاخیر ہوئی ہے، نیز اس پر کام کیوں رُکا ہوا ہے؟ تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:37 AM - Wed
**Question # 777** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 26, 2025 - Wed
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

الف) آیا یہ درست ہے کہ پی ڈی اے حیات آباد کی ہسپتالوں اور ضلع پشاور کی ہسپتالوں کو کار پارکنگ کی سہولیات فراہم کرتا ہے۔

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) حیات آباد اور ضلع پشاور کی ہسپتالوں کو فراہم کردہ کار پارکنگ کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) نیز ہسپتالوں کے سٹاف اور مریضوں کے لواحقین کیلئے کار پارکنگ کا کیا بندوبست ہے۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 20, 2025 -- 10:14 AM - Thu
**Question # 725** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 26, 2025 - Wed
**جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر قانون و پارلیمانی امور اور انسانی حقوق ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) پشاور ہائی کورٹ میں فی الوقت کل کتنے ججز صاحبان ڈیوٹی سر انجام دے رہے ہیں آیا مذکورہ تعداد عدالتی اُمور چلانے کیلئے پوری ہیں؟

(ب) پشاور ہائی کورٹ میں موجودہ وقت کتنے کیسز زیر التواء ہیں؟ اور کتنے عرصہ سے التواء ہیں۔ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 20, 2025 -- 11:01 AM - Thu
**Question # 797** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 26, 2025 - Wed
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) 24-2023 کے سالانہ ترقیاتی منصوبہ میں محکمے کے لئے کل کتنی رقم مختص کی گئی تھی اور اس میں ہر ضلع اور تحصیل کے لیے کتنا کتنا فنڈز مختص تھا؟

(ب) مذکورہ فنڈز میں سے کتنی رقم جاری کی گئی اور کتنی رقم خرچ ہوئی اور کتنی لیپس ہوئی۔ ضلع وار اور تحصیل وار تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 21, 2025 -- 09:36 AM - Fri
**Question # 781** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 26, 2025 - Wed
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) پی ڈی اے میں کل کتنے ملازمین کام کر رہے ہیں؟ گریڈ 1 سے لیکر گریڈ 16 تک اور گریڈ 17 سے لیکر DG تک الگ الگ لسٹ بمعہ نام و پتہ فراہم کی جائے؟

**Notice Date :** Mar 21, 2025 -- 09:37 AM - Fri
**سوال نمبرQuestion # 788**
**Sent to Dept Date:** Mar 26, 2025 - Wed
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) پی ڈی اے کے زیر ملکیت کل کتنے رہائشی مکانات ہیں؟

(ب) مذکورہ گھروں کو کس کس کے نام پر آلاٹ کیا گیا ہے ؟ آلاٹی کا نام، شناختی کارڈ کی کاپی اور پتہ اور ہر گھر کا کرایہ کتنا ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج) مذکورہ آلاٹ شدہ گھر کتنے کتنے مرلوں پر مشتمل ہیں۔

(د) پی ڈی اے کے گریڈ 17 سے اوپر کے آفسران کے پاس جو گھر ہیں وہ کتنے کتنے مرلوں کے ہیں اور ان سے کتنا کرایہ وصول کیا جاتا ہے، تفصیل فراہم کی جائیں۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبرپختونخوا

چھٹا اجلاس کا تیسرا گروپ

نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 9 اپریل 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کیے جائینگے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 09:01 AM - Wed
**Question # 682** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 21, 2025 - Fri
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ڈی ایچ کیو ہسپتال ضلع ہری پور میں سی سی یو وارڈ میں کوالیفائیڈ ڈاکٹرز کی کمی اور جدید تقاضوں کے مطابق سہولیات میسر نہ ہونے کی وجہ سے Serious مریضوں کو ایبٹ آباد یا اسلام آباد کے ہسپتالوں کو ریفر کر دیا جاتا ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ وارڈ میں ڈیوٹی دینے والے سٹاف بمعہ ڈاکٹرز کی تفصیل اور کن کن سہولیات کی کمی ہے تفصیل فراہم کی جائے نیز ڈاکٹرز اور دیگر سٹاف سمیت دیگر سہولیات کب تک فراہم کی جائیگی۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 09:02 AM - Wed
**Question # 684** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 21, 2025 - Fri
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت کی پالیسی کے مطابق صوبے کی تمام سرکاری ہسپتالوں میں صحت کارڈ کے ذریعے علاج معالجے کی سہولیات میسر ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ڈی ایچ کیو ہری پور میں دل اور پھیپھڑوں کے امراض کی بھی صحت کارڈ کے ذریعے علاج کی سہولت فراہم کی جاتی ہے ؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو یکم جنوری 2025 سے تاحال کتنے دل اور پھیپھڑوں کے مریضوں کا علاج صحت کارڈ کے ذریعے کیا گیا؟ مریض کا نام، بیماری کی نوعیت اور فی مریض خرچ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 09:06 AM - Wed
**Question # 746** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 26, 2025 - Wed
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر سیاحت اور ثقافت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ سیاحت اور ثقافت کو ایک دوسرے میں زم کر دیا گیا ہے ؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ دونوں محکمہ جات کا آپس میں زم ہونے سے ان کے ملازمین کو کئی مسائل درپیش ہیں؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) مذکورہ محکمہ جات کے ملازمین کی علیحدہ علیحدہ گریڈ وائز لسٹ فراہم کی جائے۔

(ii) مذکورہ محکمہ جات کی علیحدہ علیحدہ Job description کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii) دونوں محکمہ جات کا آپس میں زم ہونے سے جو مشکلات اور مسائل پیدا ہوئے ہیں۔ ان کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 09:11 AM - Wed
**Question # 697** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 21, 2025 - Fri
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حلقہ پی کے 12 دیر بالا صوبے کا دور افتادہ پہاڑی اور دشوار گزار علاقہ ہے ؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ حلقے میں صحت کے بنیادی مراکز کی کمی ہے اور ڈاکٹرز، نرسز، LHV's اور دوائیاں بھی نہ ہونے کے برابر ہیں؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) مذکورہ حلقے میں محکمہ نے نئے BHU's اور ڈسپنسریز بنانے اور موجودہ ہسپتالوں کو ڈاکٹروں، نرسز، لیبارٹریز اور ادویات کی فراہمی کیلئے کیا اقدامات کئے ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:06 AM - Wed
سوال نمبر**Question # 683**
**Sent to Dept Date:** Mar 21, 2025 - Fri
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ہمارے صوبے میں رول ہیلتھ سینٹرز، بنیادی ہیلتھ سنٹر اور ڈسپنسریاں موجود ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مندرجہ بالا ڈسپنسریز میں تمام آسامیوں پر ملازمین تعینات ہیں؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مندرجہ بالا ڈسپنسریز کو حکومت دوائیاں وغیرہ فراہم کرتی ہے؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) صوبے میں کل کتنی رول ہیلتھ سینٹرز، بنیادی ہیلتھ سنٹرز اور ڈسپنسریاں ہیں؟

(ii) مذکورہ ہیلتھ سنٹرز میں کل کتنے ملازمین ہیں۔ تمام ملازمین کی تفصیل فراہم کیا جائے۔

(iii) مندرجہ بالا ہیلتھ سنٹرز کو 2024 سے تاحال کتنی دوائیاں فراہم کی گئی ہیں؟ تفصیل فراہم کیا جائے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:07 AM - Wed
سوال نمبر**Question # 707**
**Sent to Dept Date:** Mar 26, 2025 - Wed
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ایوب میڈیکل کالج اور ایوب میڈیکل ٹیچنگ انسٹی ٹیوٹ کی پرانی عمارت کی جگہ نئی عمارت تعمیر کرنے کا منصوبہ منظور ہوا تھا؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ نئی عمارت تعمیر کرنے کا منصوبہ اب ختم کیا گیا ہے؟

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو منصوبہ ختم کرنے / روکنے کی وجوہات کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:11 AM - Wed
سوال نمبر**Question # 700**
**Sent to Dept Date:** Mar 21, 2025 - Fri
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخوا کے بیشتر ہسپتالوں میں عوام کا علاج صحت کارڈ پر ہو رہا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہوں تو:۔

(i) اب تک کتنے مریضوں کا علاج صحت کارڈ پر ہوا ہے؟

(ii) اب تک عوام کے علاج معالجے پر کتنی رقم خرچ ہوئی ہے۔ مکمل تفصیل فراہم کیا جائے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:12 AM - Wed
سوال نمبر**Question # 743**
**Sent to Dept Date:** Mar 26, 2025 - Wed
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر سیاحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخوا کے سیاحتی مقامات میں سیاحوں سے ہوٹل مالکان ایک دن کی کمرے کا کرایہ تقریبا 50 ہزار روپے تک وصول کرتے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) سیاحتی مقامات پر ہوٹل کرایہ سے متعلق حکومت کا چیک اینڈ بیلنس کا کوئی طریقہ کار موجود ہے؟

(ii) سیاحتی مقامات پر ہوٹلوں کا کم از کم کرایہ فی کمرہ یومیہ کتنا ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:43 AM - Wed
**Question # 713سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Mar 26, 2025 - Wed
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال خار ضلع باجوڑ میں تعینات ڈاکٹروں اور دیگر عملہ کی تفصیل فراہم کی جائے نیز کتنے ڈاکٹروں اور دیگر عملہ کی آسامیوں تاحال خالی ہیں؟

(ب) مذکورہ ہسپتال میں ڈاکٹروں اور دیگر عملہ کی کمی کو کب تک پورا کیاجائے گا نیز خالی آسامیوں پر تاحال تعیناتی کیوں عمل میں نہیں لائی گئی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:44 AM - Wed
**Question # 714سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Mar 26, 2025 - Wed
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ باجوڑ کٹیگری Aہسپتال میں بنیادی سہولیات کے فقدان کی وجہ سے ہسپتال میں اینٹی سنسلک ویکسین( Anti Cinclic Vaccine)اور(Anti Rabies Vaccine) باؤلے کتے کے کاٹے کی ویکسین موجود نہیں اور نہ ہی اس کے لیے فنڈ مختص کیا گیا ہے؟

(ب)آیایہ بھی درست ہے کہ آکسیجن A09410-کی مد میں بھی گزشتہ دو(2) سالوں کے دوران کوئی فنڈ نہیں رکھا گیا ہے؟

(د)اگر(الف) اور(ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو مذکورہ ہسپتال میں مذکورہ ویکسینز کب تک فراہم کی جائے گی نیز فنڈز کب تک فراہم کئے جائینگے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:53 AM - Wed
**Question # 710سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Mar 26, 2025 - Wed
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع باجوڑ میں کل کتنے ہسپتال،BHU,S،ڈسپنسریاں اور دیگر صحت کے مراکز ہیں؟

(ب)مذکورہ ہسپتالوں،BHU,Sڈسپنسریوں اور ہیلتھ سنٹرز میں کل کتنا عملہ تعینات ہے؟اور کون کون سے پوسٹ پر کہاں کہاں کام کر رہے ہیں؟

(ج) مذکورہ ہیلتھ سنٹرز/مراکز کی اپ گریڈیشن اور موجودہ وقت ادویات اور سامان کے لیے مختص فنڈ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبرپختونخوا

چھٹا اجلاس کا چوتھا گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 10 اپریل 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کیے جائینگے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 09:14 AM – Wed
**Question # 679**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 20, 2025 - Thu
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر لیبر از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سوشل سکیورٹی فنڈ تمام پیداواری سرگرمیوں بمعہ انڈسٹری خدمات پر 3 فیصد ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) گزشتہ 5 سالوں کے دوران کتنا سوشل سکیورٹی فنڈ جمع کیا گیا ہے؟

(ii) مذکورہ فنڈ کہاں کہاں اور کس مد میں خرچ کیا گیا ہے تفصیل فراہم کیا جائے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 09:35 AM - Wed
**Question # 687**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 24, 2025 - Mon
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر آبکاری و محاصل از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا سرکاری ملازمین کو سرکاری گاڑیاں فراہم کرتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو:

(i) تو سال 2022 سے تا حال کن کن محکموں کے ملازمین نے اپنے محکمہ کی توسط سے گاڑیاں حاصل کیں ہیں؟

(ii) ان کی مکمل تفصیل بمعہ نام، عہدہ، محکمہ، تاریخ درخواست اور تاریخ فراہمی فراہم کیں جائیں۔ نیز جو waiting list پر ہیں ان کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:29 AM - Wed
**Question # 736**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 27, 2025 - Thu
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر معدنیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) حکومت کی ایبٹ آباد میں معدنی ذخائر کو بروئے کار لانے کیلئے کیا حکمت عملی ہے؟ نیز مقامی آبادی کے حقوق مثلاً رائیلٹی، اپروچ روڈز، روزگار اور زمینی معاوضے کا کتنا خیال رکھا گیا ہے۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:36 AM - Wed
**Question # 735**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 27, 2025 - Thu
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ماحولیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ایبٹ اباد میں جپسم کے بہت سے کارخانے ہیں جن سے ایبٹ اباد کے ماحول پر انتہائی مضر اثرات مرتب ہو رہے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ کارخانوں کو چلانے کے لیے این او سی کس نے جاری کی ہے؟ تمام کارخانوں کو جاری کی گئی این او سی کی کاپیاں فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:48 AM – Wed
**Question # 715**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 26, 2025 - Wed
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر محکمہ لیبر از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ کی زیر نگرانی ورکر ویلفیئر بورڈ نے گزشتہ (5) سالوں کے دوران کتنے ترقیاتی منصوبے شروع کئے تھے؟ اور موجودہ وقت کتنے جاری ہیں؟ گزشتہ (5) سالوں کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:49 AM - Wed
**Question # 733سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Mar 27, 2025 - Thu
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ماحولیات وجنگلی حیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ کی زیر نگرانی ضم اضلاع میں گزشتہ (3) سالوں کے دوران مختلف سرگرمیوں میں کتنے فنڈز کی منظوری دی گئی؟اوراس میں سے کتنا استعمال کیاگیاہے؟صوبہ کے تمام اضلاع میں استعمال کئے گئے فنڈز کی تفصیل بمعہ کارکردگی،کام اورنوعیت کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 20, 2025 -- 10:11 AM - Thu
**Question # 721 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Mar 24, 2025 - Mon
**Mr Arbab Muhammad Usman Khan, Member Provincial Assembly**

Will the minister for Excise and Taxation states that:
(a) Are all vehicles on Khyber Pakhtunkhwa roads duly registered with the department?
(b) If the answer is in affirmative then, explain why not?
(c) What is being done to ensure that vehicles are registered with the department and that the transfer is duly registered when there are transfers vehicles?
(d) What are mechanisms in place to assess penalties if vehicles have not been,1.Registered,transferred or being driven by other than the owner of their authorized person? Is there any process in place to check that?

(e) How many KP residents have registered their vehicles with the Islamabad registration authority? If the department doesn't have the data, please collect and provide it.
(f)Why are KP residents allowed to register vehicles in Islamabad?

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبرپختونخوا

چھٹا اجلاس کا پانچواں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 11 اپریل 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کیے جائینگے۔

Notice Date : Mar 19, 2025 -- 09:04 AM - Wed
سوال نمبرQuestion # 676
Sent to Dept Date: Mar 20, 2025 - Thu
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ ایک منظور شدہ آسامی پر ریٹائر منٹ کے بعد محکمہ خزانہ سے اسی آسامی پر دوبارہ بھرتی کے لئے منظوری (Sanction or NOC) لینا پڑتی ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب میں اثبات میں ہو تو محکمہ خزانہ بار بار ایک منظور شدہ آسامی کی منظوری کیوں اور کس قانون کے تحت لیتی ہے۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Mar 19, 2025 -- 09:05 AM - Wed
سوال نمبرQuestion # 674
Sent to Dept Date: Mar 24, 2025 - Mon
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر امداد، بحالی و آبادی کاری ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ محکمہ ہذا کے پاس محکمہ صحت کی ایمبولینس (گاڑیاں) اور ان پر ڈرائیور بھی کام کر رہے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) محکمہ ہذا کے ساتھ محکمہ صحت کے جتنے بھی ملازمین / گاڑیاں موجود ہیں۔ان کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) نیز محکمہ کے پاس کونسی آسامیوں کیلئے رقم / فنڈ نہیں ہے ؟اور مذکورہ ملازمین کو تنخواہیں کس محکمہ سے کس طریقہ کار کے تحت مل رہی ہے ؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Mar 19, 2025 -- 09:07 AM - Wed
سوال نمبرQuestion # 677
Sent to Dept Date: Mar 20, 2025 - Thu
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر محکمہ انتظامیہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ محکمہ انتظامیہ کے زیر نگرانی سول کوارٹرز میں سرکاری افسران واہلکاروں کیلئے گھر اور فلیٹ موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) ٹائپ ایف (F) اور جی (G) میں کل کتنے فلیٹس ہیں تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) ٹائپ ایف اور جی فلیٹوں میں رہائشی اور الاٹ شدہ ملازمین کے نام، عہدہ، محکمہ، بنیادی سکیل، اور تاریخ پیدائش و ریٹائر منٹ سمیت مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

Notice Date : Mar 19, 2025 -- 09:48 AM - Wed
سوال نمبرQuestion # 688
Sent to Dept Date: Mar 24, 2025 - Mon
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر انتظامیہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ محکمہ سرکاری ملازمین کو سرکاری رہائش گاہیں الاٹ کرنے کیلئے مختلف سکیلز کے ملازمین کیلئے علیحدہ علیحدہ ویٹنگ لسٹیں مرتب کرتا ہے؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ محکمہ نے یہ سنیارٹی لسٹیں اپنی ویب سائٹ پر بھی اپلوڈ کرنا ہوتی ہیں؟

(ج) آیایہ بھی درست ہے کہ سال 2019 کے بعد نئی سنیارٹی لسٹ ویب سائٹ پر اپلوڈ نہیں کی؟

(د) آیایہ بھی درست ہے کہ محکمہ نے تاحال سنیارٹی لسٹ کو اپڈیٹ نہیں کیا؟ اور اس سنیارٹی لسٹ میں ان ملازمین کے نام بھی شامل ہیں جو فوت ہو چکے ہیں، ریٹائرڈ ہو چکے ہیں یا ان کو سرکاری رہائش گاہ الاٹ ہو چکی ہیں؟

(ہ) اگر (الف) تا (د) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) مذکورہ اپڈیٹ لسٹ کب ویب سائٹ پر اپلوڈ کی جائے گی اور سال 2019 کے بعد نئی لسٹ اپلوڈ نہ کرنے والوں کے خلاف کیا تادیبی کاروائی کی جائے گی؟

(ii) ہر لحاظ سے مکمل سرکاری ملازمین کی رہائش گاہوں کی ویٹنگ لسٹ کی کاپیاں فراہم کی جائیں

Notice Date : Mar 19, 2025 -- 10:14 AM - Wed
سوال نمبرQuestion # 690
Sent to Dept Date: Mar 24, 2025 - Mon
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر سماجی بہبود از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ معذور افراد کو آلات مہیا کرتا ہے؟

(ب) محکمہ نے معذور طبقے کو Main Stream سوسائٹی میں لانے کے لیے کیا اقدامات کئے ہیں؟

(ج) آیا حکومت، پرائیویٹ سوشل ویلفئیر کے ساتھ کوئی Working Relationship بنانے کا ارادہ رکھتی ہے تاکہ غربت کا خاتمہ ہو۔

Notice Date : Mar 20, 2025 -- 10:42 AM - Thu
سوال نمبرQuestion # 728
Sent to Dept Date: Mar 25, 2025 - Tue
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر انتظامیہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کے زیر انتظام گورنمنٹ ریسٹ ہاؤسز ہیں؟ جن کے لیے بکنگ کی جاتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کل کتنے ریسٹ ہاؤسز اور کون کون سے ہیں اور اس میں اکاموڈیشن کی گنجائش کتنی ہے؟ فی کمرہ اور فی سوٹ عوام اور خواص کے لئے چارجز کتنے کتنے ہیں؟ نیز جنوری اور فروری 2024 میں کہاں اور کتنے فیصد بکنگ ہوئی ہے اور اس سے کتنی رقم موصول ہوئی ہے؟ ریسٹ ہاوس وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Mar 20, 2025 -- 10:44 AM - Thu
سوال نمبرQuestion # 730
Sent to Dept Date: Mar 24, 2025 - Mon
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر خزانہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا درست ہے کہ بینک آف خیبر کا اپنا قانونی ماہرین کا شعبہ موجود ہوتا ہے جو بینک کے قانونی مسائل اور عدالتی مقدمات کی پیروی کرتے ہیں

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) بینک کے قانونی شعبوں میں خدمات سرانجام دینے والے ماہرین اور افسران کے نام، ان کی تنخواہوں اور انہیں حاصل مراعات کی مکمل تفصیل فراہم کی جائیں؟

(ii) بینک آف خیبر کی طرف سے گزشتہ تین سالوں میں اب تک کل کتنے قانونی مقدمات لڑے گئے ہیں اور کتنے مقدمات میں کامیابی حاصل ہوئی ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Mar 20, 2025 -- 10:45 AM - Thu
سوال نمبرQuestion # 732
Sent to Dept Date: Mar 24, 2025 - Mon
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر خزانہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ بینک آف خیبر میں وائس پریزیڈنٹ اور اس سے اوپر کے عہدوں پر کام کرنے والے عہدیداران تعینات ہیں، اور ان عہدوں کے لئے مطلوبہ قابلیت کی ضرورت ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہے، تو:

(i) بینک آف خیبر میں وائس پریزیڈنٹ اور اس سے اوپر کے عہدوں پر کتنے افسران تعینات ہیں؟ براہ کرم ان کے نام، شناختی کارڈ نمبر، عہدہ، تعلیمی قابلیت اور آڈٹ واکاؤنٹنگ کے حوالے سے ان کی کوالیفیکیشن کی تفصیلات بمع ثبوت فراہم کریں۔

(ii) کیا ان اہم عہدوں پر فائز افسران کی رجسٹریشن انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان کے ساتھ ہوئی ہے؟ اگر نہیں، تو براہ کرم اس کی تفصیلات اور وجوہات فراہم کی جائیں۔

Notice Date : Mar 20, 2025 -- 11:03 AM - Thu
سوال نمبرQuestion # 734
Sent to Dept Date: Mar 27, 2025 - Thu
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرامداد، بحالی وآبادکاری ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ 28اگست 2023کو عبدالرزاق ولدگل شہباز خان سکنہ جانی خیل ضلع بنوں کی شہادت کا سپیشل کمپنسیشن پیکج کا کیس بنا کر25لاکھ روپے پی ڈی ایم اے / صوبائی حکومت کو منظوری کے لئے بھجوا گیا تھا؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہوتواب تک اس پر محکمہ ہذا کی جانب سے کیاکارروئی عمل لائی گئی ہے؟تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Mar 21, 2025 -- 10:06 AM - Fri
سوال نمبرQuestion # 764
Sent to Dept Date: Mar 26, 2025 - Wed
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرانتظامیہ ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ پشاور میں صوبائی حکومت کے زیر نگرانی مختلف علاقوں میں سرکاری ملازمین کے لئے سرکاری کالونیاں موجود ہیں؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ دراصل یہ تمام سرکاری رہائش گاہیں صرف ان غیر مقامی ملازمین کوالاٹ کی جاتی ہیں جن کے اپنے یابیوی بچوں کا پشاور میں کوئی ذاتی گھر نہ ہو؟

(ج) آیایہ بھی درست ہے کہ جن آفسران اور ملازمین کو یہ سرکاری گھر الاٹ ہوتے ہیں ان سے اس سلسلے میں اسٹامپ پیپر پر باقاعدہ حلفیہ بیان لیا جاتا ہے؟

(د) اگر(الف) تا(ج) کے جوابات اثبات میں ہوں توکیامحکمہ انتظامیہ اوراسٹیٹ آفس کے پاس اس رسمی حلف نامہ کے علاوہ بھی کوئی ایسا میکنیزم موجود ہے جس سے یہ پتہ چلے کہ کسی آفیسر اور ملازم کاذاتی گھر ہے یانہیں؟2011/01/01سے لے کر تاحال اس بناء پر جتنے سرکاری آفسران اور ملازمین سے سرکاری گھروں کی الاٹمنٹ کینسل کر کے گھر خالی کئے گئے ہیں ان کی مکمل فہرست فراہم کریں۔

Notice Date : Mar 21, 2025 -- 10:32 AM - Fri
سوال نمبرQuestion # 790
Sent to Dept Date: Mar 27, 2025 - Thu
جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر برائے محکمہ آبپاشی ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ گومل زام ڈیم منصوبہ محکمہ ہذا کے زیرانتظام آتا ہے؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ اس منصوبے کے تحت پٹوار کورس کی تربیت دی گئی ہے۔

(ج) اگر(الف)اور(ب)کے جوابات اثبات میں ہوتو جن افراد نے کورس مکمل کیاہے، آیاان سے امتحان لیاگیا اور اگر تاحال امتحان نہیں لیاگیاتواس کے وجوہات کیاہیں۔نیز کورس کرنے والوں سے کب تک امتحان لیاجائے گا، مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Mar 21, 2025 -- 10:34 AM - Fri
سوال نمبرQuestion # 796
Sent to Dept Date: Mar 27, 2025 - Thu
جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرآبپاشی ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں واقع گومل زام پراجیکٹ موجود ہے؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہوتو

(i)اس پراجیکٹ سے نہری نظام کے ذریعے پانی کی ترسیل کس طریقہ کار کے تحت بنائی گئی ہے؟

(ii)گومل زام سے منسلکہ علاقوں کیلئے موگہ جات کی درجہ بندی کس طریقہ کار کے تحت بنائی گئی ہے اورآیامذکورہ پراجیکٹ کے ذریعے پانی کی ترسیل فعال ہے یانہیں مکمل تفصیل مع دستاویزات فراہم کی جائے۔

(iii) کیا2022کے سیلاب سے متاثرہ گومل زام نہراوراس سے نکلنے والی چھوٹی نہر وغیرہ اور موگہ جات کی مرمت کی گئی ہیں؟اس کے علاوہ Funds&M R سے اس نہر کیلئے سالانہ کتنی رقم رکھی گئی ہے اور وہ رقم ریلز ہوئی ہے یانہیں؟

//